# دورۂ قرآن مجید

## تیاری اور طریقہ

eBooklet

نام کتاب ---------- دورۂ قرآن مجید، تیاری اور طریقہ
تالیف ---------- الہدیٰ شعبہ تحقیق
ناشر ---------- الہدیٰ پبلی کیشنز، اسلام آباد
ایڈیشن ---------- اوّل
تعداد ---------- پانچ ہزار
تاریخ اشاعت ---------- یکم اگست 2010

## ملنے کے پتے

اسلام آباد سیلز آفس: 7۔اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد، پاکستان
فون: +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9
Email: salesoffice.isb@alhudapk.com
**www.alhudapk.com, www.farhathashmi.com**

کراچی سیلز آفس: 30-A سندھی مسلم کوآپریٹو پاؤسنگ سوسائٹی، کراچی، پاکستان
فون: +92-21-34528548, +92-21-34528547

امریکہ سیلز آفس: PO Box 2256, Keller,TX762 44
Ph: (817)-285-9450 (480)-234-8918
Email: alhudaonlinebooks@ymail.com

کینیڈا: 5671 McAdamRd ON In9 Mississauga Canada
Ph: (905)624-2030, (647)869-6679
**www.alhudainstitute.ca**

الہدیٰ انٹرنیشنل کی اجازت سے آپ اس کتاب کو شائع کر سکتے ہیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سیدنا ابو ہریرہؓ کہتے ہیں نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔

''جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی گھر میں اکھٹے ہوں وہ اللہ کی کتاب پڑھیں اور ایک دوسرے کو پڑھائیں ان پر اطمینان نازل ہوتا ہے رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ہے فرشتے ان کے گرد گھیرا ڈال لیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا ذکر ان فرشتوں میں کرتا ہے جو اس کے پاس موجود ہیں۔'' (صحیح مسلم)

اللہ کا شکر ہے کہ آپ قرآن مجید کی تعلیم حاصل کر چکی ہیں اور اس نعمت کو پانے کے بعد اس کے دوسروں تک پہنچانے کی ذمہ داری کما حقہ پورا کرنا چاہتی ہیں۔ ابلاغ دین کی طرف پہلا قدم اور بہترین طریقہ ''دورۂ قرآن'' کروانا ہے۔ اس کے ذریعے آپ کی صلاحیتوں کو جاننے کا موقع ملے گا۔

دورۂ قرآن کا بہترین وقت رمضان المبارک کا مہینہ ہے۔ سیدنا ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں جب جبرائیلؑ آپؐ سے آکر ملتے تو آپ کی سخاوت اور زیادہ بڑھ جاتی۔ جبرائیلؑ رمضان کی ہر رات میں آپؐ سے ملتے تھے اور آپؐ کے ساتھ قرآن کا دورہ کرتے۔ پس آپؐ جب جبرائیلؑ سے ملتے تو آپؐ تیز ہوا سے بھی زیادہ سخی ہو جاتے تھے (متفق علیہ)

گویا رمضان میں پورے قرآن مجید کو دہرانا سنت رسول ﷺ بھی ہے لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دورۂ قرآن کیسے کروایا جائے کہ اس کے بہترین نتائج حاصل ہوں؟ آیئے دیکھتے ہیں کہ بہترین طریقے سے دورۂ قرآن کروانے کے لیے کیا اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔

دورۂ قرآن مجید کروانے کے دو مراحل ہیں۔

## پہلا مرحلہ: پلاننگ اور تیاری

پہلا مرحلہ آپ کی اپنی ذات سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے لیے خود کو جسمانی، روحانی، جذباتی، علمی ہر پہلو سے تیار کیجیے۔

### جسمانی تیاری

- اپنی صحت اور غذا کا خیال رکھیے۔ خصوصاً سحری میں بہت مرغن غذاؤں کا استعمال طبیعت میں گرانی کا

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

باعث ہوتا ہے۔توانائی سے بھرپور لیکن سادہ غذا استعمال کریں۔

اپنے وقت اور کاموں کو صحیح طور پر منظّم کریں۔اگر آپ کی کوئی ایسی ذمہ داری ہے جو آپ کے دورۂ قرآن کروانے سے متاثر ہو، مثلاً کوئی بیمار جس کی دیکھ بھال کرنے والا آپ کے علاوہ کوئی نہیں۔اگر ایسا ہے تو کسی کی مدد اور تعاون سے اپنے اوقات اور ذمہ داریوں کو اس طرح منظّم کریں کہ فرائض سے غافل بھی نہ ہوں اور دین کا کام بھی خوش اسلوبی سے ہو سکے۔

## روحانی تیاری

- اپنی نیت اللہ کی رضا کے حصول کے لیے خالص کرلیں۔نیت میں یہ بات بھی شامل ہونی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ایک مہینے میں پورا قرآن مجید سن لیں اور آئندہ کے لیے ان میں اس کو سمجھنے کا شوق بیدار ہو جائے۔
- اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط کریں۔دعائیں،توبہ استغفار اور نوافل کثرت سے کریں۔خصوصی طور پر تہجد کی نماز پابندی سے ادا کریں۔
- زندگی کے ہر پہلو میں سنتوں پر عمل کریں۔اس کے لیے چیک لسٹ ''رسول اللہ ﷺ سے میرا تعلق'' وقتاً فوقتاً پڑھتی رہیں۔
- قول و فعل میں مطابقت پیدا کریں۔
- کم ازکم ایک نیکی ایسی کریں جس کا علم کسی کو نہ ہو مثلاً چھپا کر صدقہ کرنا۔
- جھوٹ،استہزاء،چغلی،غیبت حسد،بدگمانی جیسی بری عادات سے اجتناب کریں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

## جذباتی تیاری

- لوگوں کی تنقید سننے کا حوصلہ پیدا کریں۔
- اپنے جذبات مثلاً غم،غصہ اور پریشانی کو قابو میں رکھنے کی کوشش کریں۔
- اپنے اندر حِلم و بردباری پیدا کریں

## علمی تیاری

- سب سے پہلے خود سے سوال کریں کہ کیا میں قرآن مجید کی آیات کو مؤثر اور درست طریقے سے پڑھ سکتی ہوں؟ اگر نہیں تو خود دورۂ قرآن کروانے سے اجتناب کریں اور اپنی تجوید بہتر بنانے پر توجہ دیں اور

دورۂ قرآن کے لیے کسی اور بہن کو دعوت دیں یا کیسٹ سے دورۂ قرآن کروائیں۔

- حالات حاضرہ سے واقفیت کے لیے اردو اخبارات اور کتابوں کا مطالعہ کرتے رہیں۔

## قرآن مجید کی درست ادائیگی کے لئے چند تجاویز

- زیادہ سے زیادہ مختلف قاریوں کی قرآت غور سے سنیں۔
- روزانہ اونچی آواز میں مخارج کی پریکٹس کریں۔
- روزانہ کسی کو قرآن کی تلاوت سنائیں۔
- تلاوت منہ کھول کر با آواز بلند کریں۔
- کوشش کرنے کے ساتھ ساتھ دعاؤں سے مدد لیں۔

## دورۂ قرآن کی پریکٹس

کسی بھی کام کو کرنے سے پہلے اگر اس کی مشق کر لی جائے تو وہ آسان ہو جاتا ہے

- کیسٹ کے ذریعے پارہ گھر میں سن لیں۔
- جن آیات کی عربی پڑھنی ہو انہیں ہائی لائٹ کر لیں اور آیات میں جہاں وقف کرنا ہو وہاں نشان لگا لیں۔
- جن آیات کی وضاحت کرنی ہو ان پر نشان لگائیں اور بیان کرنے والے نکات اس طرح واضع کر کے لکھیں کہ دورۂ قرآن کے دوران ان کو آسانی سے پڑھ سکیں۔

## بولنے کی مشق

- فجر کے بعد جن آیات کی تلاوت کریں ان کا ترجمہ بھی آواز سے پڑھیں تا کہ عربی کے ساتھ ساتھ اردو تلفظ کی مشق بھی ہوتی رہے۔
- عربی عبارت پڑھتے ہوئے پوری توجہ کے ساتھ درست اعراب پڑھیں۔ شدّ اور مدّ کو اس کا حق دیں۔
- لفظ 'اللہ' کو پورے مخارج کی ادائیگی کے ساتھ مشق کریں۔
- اردو پڑھتے وقت بھی الفاظ کی ادائیگی اور صحیح تلفظ کا خیال رکھیں۔ جن الفاظ کے بارے میں آپ کو شک ہو وہ کسی سے پوچھ لیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

- جب درست پڑھنا آجائے تو بولنے کی رفتار بڑھادیں تاکہ آپ دو گھنٹوں میں پارہ مکمل کرسکیں۔
- دورۂ قرآن کرواتے وقت بات میں جماؤ، گہرائی، ٹھہراؤ اور تسلسل ہونا چاہیے۔
- اپنی آواز ریکارڈ کرکے سنیں اور اپنی اصلاح خود کریں۔
- آئینے کے سامنے بولنے کی پریکٹس کریں تاکہ اپنے چہرے کے تاثرات نوٹ کرکے اصلاح کرسکیں۔

## جگہ اور وقت کا تعین

- جس جگہ آپ دورۂ قرآن کروارہی ہیں اگر اس کے قریب میں کوئی بھی دورۂ قرآن کروارہا ہو تو دونوں مل کر بھی کرواسکتے ہیں مثلاً آپس میں طے کرکے پندرہ، پندرہ پارے کروالیں۔
- ایسا ممکن نہ ہو تو جگہ بدل لیں یا اوقات اور طریقہ کار میں تبدیلی کرلیں۔

## دورۂ قرآن میں شرکت کی دعوت

لوگوں کو محبت اور خیر خواہی کے ساتھ دعوت دیں مثلاً:

- فون کے ذریعے
- محلے کے سکولوں میں جاکر بچوں اور اساتذہ سے بات کرکے
- گھر میں استقبال رمضان پروگرام کا اہتمام کرکے
- پمفلٹس کے ذریعے
- جس قدر ممکن ہو سکے گھر گھر جاکر دعوت دی جائے۔
- ممکن ہو تو بینر، پوسٹر یا فلائر لگوائیں۔

## دوسرا مرحلہ: دورۂ قرآن کروانا

- دورۂ قرآن کا آغاز استقبالِ رمضان کے لیکچر سے کریں اور سامعین کو اُبھاریں کہ وہ اللہ کی بات سننے آئیں۔
- صفائی وطہارت کا اہتمام بے حد ضروری ہے۔ ہر روز دُھلے ہوئے کپڑے، گاؤن اور اسکارف پہنیں۔ روزانہ نہا کر باوضو آئیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ نہ آپ سے ناگوار بو آئے اور نہ ہی تیز خوشبو آئے، باوقار لباس ہو۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

اسکارف لینے سے پہلے اپنے بال اچھی طرح باندھ لیں اور اسکارف کو اچھی طرح پن کریں۔ اگر آپ ڈوپٹہ اوڑھ رہی تو اسے بھی پن کرسکتی ہیں۔

- درس سے پہلے اِدھر اُدھر کی باتیں نہ کریں۔ بلکہ یکسوئی کے لیے اللہ کا ذکر کرتی رہیں۔

## درس کا آغاز

- درس کے آغاز سے پہلے اس پارے کی تلاوت لگا دیں تا کہ لوگ آ کر خاموشی سے بیٹھتے جائیں۔ آپ خاموشی سے آ کر بیٹھیں اور آیت مکمل ہونے کے بعد آہستگی سے کیسٹ پلییر بند کر دیں۔
- اگر تلاوت لگانی ممکن نہ ہو تو نشست پر بیٹھ کر دو تین لمحوں کے لیے خاموش رہیں تا کہ لوگ اپنی جگہوں پر ٹھیک سے بیٹھ جائیں۔ لوگوں کو ٹھیک سے بیٹھنے کے لیے بہت زیادہ اور بار بار نہ کہیں۔
- تلاوت کے بعد مسکرا کر سب کی طرف دیکھ کر سلام کریں۔
- خطبہ مسنونہ

نحمده ونصلی علی رسوله الکریم

اما بعد فاعوذبالله من الشیطٰن الرجیم۔ بسم الله الرحمٰن الرحیم

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ○

سے آغاز کریں۔

- ادب سے قرآن مجید پکڑیں انداز میں لاپرواہی نہ ہو۔
- سیدھے ہو کر چاق و چوبند انداز میں بیٹھیں۔
- آغاز کرتے ہوئے پارے کا نمبر بتائیں۔
- الفاظ کی ادائیگی صاف اور واضع انداز میں ہو۔
- صحیح مقام پر وقف کریں۔ اس بات کا خیال بھی خیال رکھیں کہ کس مقام پر وقف کر کے پھر پیچھے سے ملا کر پڑھنا ہے۔
- بولتے وقت صحیح جگہ پر زور دیں۔ غلط جگہ پر زور دینے سے بات کی تاثیر بدل جائے گی۔
- ایک ہی بات کو بار بار مت دہرائی

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

- آیات کے مفہوم کے مطابق چہرے کے تاثرات ہونے ضروری ہیں۔
- آیات کو قرآت کے انداز میں نہیں بلکہ سمجھانے کے انداز میں پڑھیں۔
- جہاں ضرورت ہو سورت کا مختصر شان نزول بیان کر دیں۔
- تفسیر بیان کرتے ہوئے خود کو سامعین میں شامل رکھیئے۔ ''آپ'' کے بجائے ''ہم'' کا لفظ استعمال کریں۔
- آیات پڑھتے وقت حکم، نصیحت، تلقین والی آیات کو اسی لہجے میں ادا کریں۔ اس سے بات کا بہتر تاثر قائم ہوگا۔ جہنم یا عذاب کی آیات عاجزی اور خوف کے تاثر کے ساتھ پڑھیں۔

جس طرح عربی عبارت کا صحیح اور پوری روح کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے اسی قدر ترجمہ کو درست اور جاندار انداز میں پڑھنا ضروری ہے۔

- ترجمہ منظّم بامحاورہ ہو۔ اس میں اپنے الفاظ شامل کرنے سے گریز کریں۔
- پہلے پوری آیت پڑھی جائے پھر اس کا ترجمہ تاکہ پیغام ایک منظّم انداز میں پہنچے۔
- جن آیات پر زیادہ تفصیل جاننے کی ضرورت ہو ان سے متعلق آڈیو کیسٹس یا سی ڈیز کے بارے بتائیں کہ اسٹال پر دستیاب ہیں۔
- جہاں کہیں حدیث پڑھنی ہو وہاں اس کا عربی متن دیکھ کر پڑھیں۔
- آیات اور حدیث پڑھنے کا انداز مختلف ہونا چاہیے۔ قرآن کو مکمل قواعد کے ساتھ جبکہ حدیث پڑھنے میں عربی زبان کا لب ولہجہ اپنائیں۔
- نبی کریمؐ اور دیگر انبیاء کا نام ادب سے لیں۔ نبی کریم ﷺ کے نام کے ساتھ ﷺ اور دیگر انبیاء کے ساتھ علیہ السلام کہیں۔ بہت سارے پیغمبروں کے نام ایک ساتھ آ رہے ہو تو تمام نام لے کر علیہ السلام کہہ دیں۔
- ترجمہ قرآن میں جہاں کہیں نبی کریم ﷺ کے لیے ''تم'' کا لفظ ہے وہاں آپ کا لفظ استعمال کریں۔
- لوگوں کے ذہنوں کو بیدار رکھنے کے لیے اہم مقامات پر سوال کریں یا غور وفکر کی دعوت دیں مثلاً ہمیں سوچنا چاہیے۔ کیا ہم ایسا کر رہے ہیں؟ لیکن جواب بہت زیادہ لوگوں سے نہ لیں کیونکہ طویل بحث کے لیے وقت درکار ہوتا ہے۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

- خود کو عالم نہ سمجھیں بلکہ آسان الفاظ میں لوگوں کی ذہنی سطح کے مطابق بات پہنچائیں۔
- حالات حاضرہ، لوگوں کے رویوں اور معاشرے سے روزمرہ زندگی کی مثالیں دیں۔ مثال دیتے ہوئے کسی کا نام نہ لیں۔ ساتھ ہی انداز سنانے والا، جتانے والا یا طنز کرنے والا نہ ہو۔
- اختلافی مسائل کا ذکر اور ان پر بحث نہ کریں۔
- فنِ گفتگو ایک اہم ہتھیار ہے اس لیے درج ذیل باتوں پر توجہ دیں۔

| | |
|---|---|
| بات کا انداز، لب ولہجہ | Rythm |
| بولنے کی رفتار | Speed |
| آواز کا صاف اور واضح ہونا | Voice |
| جملوں کے درمیان وقفہ | Pause |

- اپنے لب و لہجے میں تصنع یا بناوٹ اختیار کرنے کے بجائے فطری انداز برقرار رکھیں۔
- بولتے وقت ہاتھوں کو بہت زیادہ حرکت نہ دیں نہ ہی سر بہت زیادہ ہلائیں۔
- بولنے کی رفتار شروع سے آخر تک یکساں رہے۔
- زبان کی لغزش سے اگر کوئی لفظ غلط پڑھ جائیں تو اپنی تصحیح کرتے ہوئے اسے دوبارہ پڑھ لیں۔
- آپ کے مدعو آپ کے مہمان ہیں ان کے اچھے میزبان بنیں۔
- صرف چند مخصوص لوگوں کی طرف یا ایک مخصوص سمت میں ہی نہیں بلکہ ہر طرف کے لوگوں میں وقتاً فوقتاً دیکھتے رہیں۔
- لوگ زبان یا چہرے سے تنقید کریں تو قبول کریں۔ ان کے تاثرات کو نظر انداز نہ کریں اس سے بہتری پیدا ہوگی۔
- اگر درس میں کوئی ایسا فرد آجائے جس کا حلیہ درس کے ماحول سے مطابقت نہ رکھتا ہو تو اس کی حوصلہ شکنی نہ کریں نہ ہی اس کے بعد میں موضوع بحث بنائیں، اسے قرآن مجید سننے اور سمجھنے کا موقع دیں۔
- مقررہ وقت پر درس ختم کر دیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

❖ دوران درس کوئی ایسی بات مجلس کے آداب کے خلاف ہو رہی ہو تو چہرے سے ناگواری کے تاثر مت دیں اور نہ اس وقت ٹوکیں بلکہ برداشت سے کام لیں۔

## درس کا اختتام

❖ آخر میں پارے کے پیغام کا نچوڑ یا خلاصہ بتائیں۔

❖ سامعین کے لیے سوچ کا ایک نقطہ چھوڑ دیں۔

❖ بہت احسن طریقے سے آخری آیات دوبارہ پڑھ سکیں تو ضرور پڑھیں۔

❖ مجلس کے اختتام پر مسنون دعا پڑھیں۔

سُبۡحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمۡدِكَ نَشۡهَدُاَنۡ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ نَسۡتَغۡفِرُكَ وَنَتُوۡبُ اِلَيۡكَ

❖ درس کے بعد ممکن ہو تو لوگوں سے ملاقات کریں لیکن تعریف کو توقع نہ کریں۔لوگوں کی طرف سے ملنے والی تعریف کو نارمل لیں۔سارا کریڈٹ اللہ کی ذات کو دیں۔

❖ درس کے بعد اگر کوئی سوال کرے تو خوش دلی سے جواب دیں۔

❖ اگر اختلافی مسائل پر بحث کرتے ہوئے سوال کریں تو ایسے موقع پر بحث نہ کریں۔لوگوں کو اس بات پر ابھاریں کہ وہ سوال لکھ کر دیں پھر آپ الھدیٰ کے مشاورتی، فقہی شعبہ سے مشورہ کر کے جواب دیں۔

❖ فقہی مسائل خصوصاً طلاق کے مسائل کا جواب دینے کے لیے کسی علاقائی مفتی صاحب سے رجوع کرنے کا مشورہ دیں۔

❖ لوگوں کو بتائیں کہ بہت سے سوالات کے جوابات آئندہ پاروں میں آجائیں گے۔

## سٹال

❖ کیسٹس اور کتب کا سٹال لگوائیں اس سے لوگوں کو مزید علم حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔الھدیٰ سیلز آفس آپ کی سہولت کے لیے منی سٹالز پیش کرتا ہے،اس پیشکش سے فائدہ اٹھائیں۔

❖ نئی پراڈکٹ لسٹ حاصل کریں۔

© ALHUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

## عطیات

- لوگوں سے فنڈز نہ مانگنا الھدیٰ کی پالیسی کا حصہ ہے۔البتہ لوگوں کو انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت بتانا اور اہم جگہوں پر خرچ کی ترغیب دینا بھی ضروری ہے۔اس کے لئے جہاں بھی صدقات سے متعلق آیات آئیں وہاں نہ صرف لوگوں کو اس پر اُبھاریں بلکہ ان کی رہنمائی بھی کریں وہ کس کس طرح اپنے مال کو بہترین طریقے سے اللہ کی راہ میں لگا سکتے ہیں۔
- لوگوں کو ابھارنے کے لیے اس طرح کی بات نہ کریں کہ الھدی میں بہت کام ہورہا ہے اگر آپ وہاں دیں تو آپ کا مال صحیح جگہ پر لگے گا بلکہ یہ بتایا جاسکتا ہے کہ بہت سے لوگ مختلف جگہوں پر کام کررہے ہیں آپ تلاش کریں کہ آپ کی دی ہوئی چیز یا رقم زیادہ سے زیادہ مستحقین تک کیسے پہنچ سکتی ہے مثلاً تعلیم ،نشرواشاعت، کنوؤں کی کھدائی، مساکین کو کھانا کھلانے میں کس طرح مختلف طریقوں سے حصہ ڈالا جاسکتا ہے۔اگر وہ آپ سے پوچھیں کہ ہم کس طرح اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں تب آپ متعلقہ افراد سے ان کا رابطہ کروادیں۔
- اگر بغیر کہے لوگ عطیات لے آئیں تو ان کو رسید دیں۔ یہ پیسے امانت ہیں انہیں الگ رکھیں اور دین کی سربلندی کے لیے خرچ کریں۔فنڈز کا سارحساب کتاب اصول وضابطے کے مطابق تحریر کریں۔

## دورۂ قرآن کا اختتام

- دورۂ قرآن کے اختتام پر دعا کا اہتمام کریں۔اگر کیسٹ میں دعا موجود ہو تو وہ چلا سکتے ہیں۔
- اگر خود دعا کروارہے ہیں تو قرآنی اور مسنون دعاؤں کا انتخاب کریں۔ساتھ دیگر اچھی دعائیں بھی شامل کر سکتے ہیں جو مختلف علماء کی کتب کی شکل میں موجود ہیں۔

## یادرکھنے کی باتیں

- جس چیز کی محبت وعظمت ہمارے دل میں ہوتی ہے وہ کام پر اثر ہوجاتا ہے۔اپنے رب اور اس کے کلام کی محبت وعظمت اگر ہمارے دل میں ہوگی تو یہ ساری تیاری مؤثر ہوگی۔اگر دل رب کی محبت وعظمت کے احساس سے بھرے ہوئے نہیں تو یہ سارا کام ایک میکانکی عمل سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔۔۔!

اپنے دل کو اللہ کی محبت سے سرشار کریں اور پھر خالص دل کے ساتھ اللہ کی کتاب کا پیغام لوگوں تک

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

پہنچائیں۔

نبی اکرم ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا: ''اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ کا تیرے ذریعہ سے کسی ایک آدمی کی ہدایت دے دینا، تیرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔'' (متفق علیہ)

- آخر میں دورۂ قرآن کی مکمل رپورٹ متعلقہ شعبہ کو بھجوائیں۔

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# الھدیٰ پبلی کیشنز کی مطبوعات

## کتب

- قرآن مجید، پارہ ۱ تا ۳۰ (اردو ترجمے کے ساتھ)
- منتخب آیات قرآنیہ
- منتخب سورتیں
- منتخب سورتیں اور آیات
- **تعلیم القرآن القراۃ والکتابۃ**
- قرآن کریم اور اس پر چند مباحث
- حدیث رسول ﷺ ایک تعارف ایک تجزیہ
- حفاظت حدیث کیوں اور کیسے؟
- قال رسول اللہ ﷺ
- **رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا**
- صدقہ وخیرات
- حسن اخلاق
- فتنوں کے دور میں کیا کرنا چاہیے؟
- محمد رسول اللہ ﷺ معمولات اور معاملات
- اسلامی عقائد
- فقہ اسلامی ایک تعارف ایک تجزیہ
- میرا جینا مرا مرنا
- آخری سفر کی تیاری
- بیوگی کا سفر
- ابوبکر صدیق
- والدین ہماری جنت
- حصول علم اور خواتین
- جب آفات آئیں

## پمفلٹس

- نماز باجماعت کا طریقہ
- نمازِ فجر کے لیے کیسے بیدار رہوں؟
- جمعہ کا دن مبارک دن
- نماز استسقاء
- درود وسلام۔۔۔الصلاۃ علی النبی ﷺ
- غسل میت اور کفن پہنانا
- اظہار محبت کیسے؟
- ان حالات میں کیا کریں؟

## دعائیں

- قرآنی اور مسنون دعائیں
- وایاك نستعين
- نبی اکرم ﷺ کے صبح وشام کے اوراد
- نماز تہجد کے لیے دعائے استفتاح
- حصول علم کی دعائیں
- فہم قرآن میں مددگار دعائیں
- آیات شفا
- مقبول دعائیں
- سفر کی دعائیں
- دعائے استخارہ
- صالح اولاد کے لئے دعائیں
- نظر بد اور تکلیف کی دعائیں

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# فہم القرآن میں مددگار لیکچرز

| نمبرشمار | پارہ | سورۃ | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | الفاتحہ | مکمل | اللہ تیرا شکر | 1 |
| 2 | 1 | البقرہ | 16 8 | منافق کون؟ | 1 |
| 3 | 1 | البقرہ | 102 | جادو، حقیقت اور علاج | 1 |
| 4 | 1 | البقرہ | 102 | آسیب، جادو اور نظر بد کا علاج | 1 |
| 5 | 1 | البقرہ | 112 | انسان اللہ کی نظر میں | 1 |
| 6 | 1 | البقرہ | 112 | آؤ جھک جائیں | 1 |
| 7 | 1 | البقرہ | 141 130 | اللہ کا رنگ۔ بہترین رنگ | 1 |
| 8 | 2 | البقرہ | 153 | صبر (حسن اخلاق) | 2 |
| 9 | 2 | البقرہ | 166 165 | اظہار محبت کیسے؟ قربانی یا ویلنٹائن؟ | 1 |
| 10 | 2 | البقرہ | 177 | نیکی کیا ہے؟ | 1 |
| 11 | 2 | البقرہ | 177 | نیکی یہ نہیں کہ | 1 |
| 12 | 2 | البقرہ | 186 183 | استقبال رمضان | 2 |
| 13 | 2 | البقرہ | 183 | رمضان معزز مہمان | 1 |
| 14 | 2 | البقرہ | 186 183 | رمضان مبارک | 2 |
| 15 | 2 | البقرہ | 183 | ہم رمضان کیسے گزاریں؟ | 2 |
| 16 | 2 | البقرہ | 197 196 | ذوالحجہ اور قربانی | 1 |
| 17 | 2 | البقرہ | 201 | فکرِ آخرت | 1 |
| 18 | 2 | البقرہ | 238 | نماز کیا سکھاتی ہے؟ | 1 |
| 19 | 2 | البقرہ | 255 | آیت الکرسی (ترجمہ وتفسیر) | 1 |
| 20 | 3 | البقرہ | 274 261 | صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا | 1 |
| 21 | 3 | البقرہ | 275 | سود حرام کیوں؟ | 1 |
| 22 | 3 | البقرہ | 282 | عورت کی گواہی آدھی کیوں؟ | 1 |
| 23 | 3 | البقرہ | 286 284 | عرش کے خزانے سے | 1 |
| 24 | 3 | آل عمران | 17 14 | بہترین کی طرف | 1 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

| نمبرشمار | پارہ | سورۃ | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 26 | 3 | آل عمران | 31 32 | حب رسول ﷺ | 1 |
| 27 | 3 | آل عمران | 31 32 | حبیب سے میرا تعلق | 1 |
| 28 | 3 | آل عمران | 31 32 | سنت کی اہمیت | 7 |
| 29 | 3 | آل عمران | 46 33 | عورت معمار انسانیت | 1 |
| 30 | 3 | آل عمران | 46 33 | چنے ہوئے لوگ | 1 |
| 31 | 3 | آل عمران | 86 | ظلم (حسن اخلاق) | 2 |
| 32 | 4 | آل عمران | 92 | محبوب کے لیے محبوب چیز | 1 |
| 33 | 4 | آل عمران | 110 102 | اتحاد کیسے ممکن؟+ تفرقے میں نہ پڑو | 1 |
| 34 | 4 | آل عمران | 110 102 | تقویٰ کی زندگی کامیاب زندگی | 1 |
| 35 | 4 | آل عمران | 136 133 | غصہ جانے دو | 2 |
| 36 | 4 | آل عمران | 164 | قرآن سراپا ہدایت حیّ علی الصلوٰۃ | 1 |
| 37 | 4 | آل عمران | 164 | اطاعت رسول اور اس کے تقاضے | 1 |
| 38 | 4 | آل عمران | 164 | میلاد النبی ﷺ | 1 |
| 39 | 4 | آل عمران | 164 | سیرت النبی ﷺ | 1 |
| 40 | 4 | آل عمران | 200 | صبر اور اس کی اہمیت | 1 |
| 41 | 4 | النساء | 1 | نکاح مبارک | 1 |
| 42 | 4 | النساء | 6 | بے نیازی (حسن اخلاق) | 2 |
| 43 | 4 | النساء | 07 | وراثت کی تقسیم فرض ہے | 1 |
| 44 | 5 | النساء | 34 | ازدواجی زندگی میں کامیابی کا راز | 1 |
| 45 | 5 | النساء | 36 | خود پسندی | 1 |
| 46 | 5 | النساء | 36 | صلہ رحمی، ہمسائے کے حقوق (حسن اخلاق) | 2 |
| 47 | 5 | النساء | 54 | حسد (حسن اخلاق) | 2 |
| 48 | 5 | النساء | 58 | امانت (حسن اخلاق) | 2 |
| 49 | 5 | النساء | 86 | اسلام علیکم | 1 |
| 50 | 5 | النساء | 86 | سلام کی فضیلت (حسن اخلاق) | 2 |
| 51 | 5 | النساء | 86 | تحفہ (حسن اخلاق) | 2 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

| نمبرشمار | پارہ | سورۃ | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 51 | 5 | النساء | 103 | نماز فرض ہے | 1 |
| 52 | 5 | النساء | 116 | شرک کیا ہے؟ | 2 |
| 53 | 5 | النساء | 128 | گھر ٹوٹنے نہ پائے | 1 |
| 54 | 6 | النساء | 03 | ہم دوراہے پر | 1 |
| 55 | 6 | المائدہ | 30 | حسد کی آگ | 1 |
| 56 | 6 | المائدہ | 48 | واپسی (کلثوم شاہین کی یاد میں) | 1 |
| 57 | 6 | المائدہ | 56 54 | اللہ کے محبوب بندے | 1 |
| 58 | 6 | المائدہ | 81 78 | برائی کو روکو | 1 |
| 59 | 7 | المائدہ | 91 90 | شراب اور جوا | 1 |
| 60 | 7 | الانعام | 19 12 | اللہ ہی کے ہوکر رہو | 1 |
| 61 | 7 | الانعام | 19 12 | زمین وآسمان کس کے لیے | 1 |
| 62 | 7 | الانعام | 151 | بچوں کے ساتھ شفقت (حسن اخلاق) | 2 |
| 63 | 7 | الانعام | 151 | مجھے جینے دو | 1 |
| 64 | 7 | الانعام | 162 | عیدالاضحیٰ | 1 |
| 65 | 8 | الاعراف | 25 11 | شیطان کھلا دشمن | 1 |
| 66 | 8 | الاعراف | 26 | لباس وحجاب | 5 |
| 67 | 8 | الاعراف | 26 | سادگی میں آسانی | 1 |
| 68 | 8 | الاعراف | 53 40 | تیسری قسم کے لوگ (اعراف والے) | 1 |
| 69 | 8 | الاعراف | 53 40 | روز قیامت کیا ہوگا؟ | 1 |
| 70 | 8 | الاعراف | 68 | خیر خواہی (حسن اخلاق) | 2 |
| 71 | 9 | الاعراف | 179 175 | حرص وہوس۔ دین کا دشمن | 1 |
| 72 | 9 | الاعراف | 180 | اللہ کے خوبصورت نام | 1 |
| 73 | 9 | الاعراف | 189 | خطبہ نکاح | 1 |
| 74 | 9 | الانفال | 01 | ہوم ورک | 1 |
| 75 | 9 | الانفال | 29 20 | سنو تو سہی | 1 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

| نمبرشمار | پارہ | سورۃ | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 76 | 10 | الانفال | 65 | ان حالات میں کیا کریں | 1 |
| 77 | 10 | الانفال | 66 65 | قوی مومن کمزور مومن | 1 |
| 78 | 10 | الانفال | 75 72 | سچے مومن | 1 |
| 79 | 10 | التوبہ | 24 23 | محبتوں کے امتحان | 1 |
| 80 | 10 | التوبہ | 36 | سال نو کا پیغام (بسلسلۂ محرم الحرام) | 1 |
| 81 | 10 | التوبہ | 36 | محرم الحرام کی فضیلت واہمیت | 1 |
| 82 | 11 | التوبہ | 107 | مسجدوں کا کردار اور تبلیغ دین | 1 |
| 83 | 11 | التوبہ | 108 | طہارت ایمان کا حصہ (کتاب الطہارہ) | 3 |
| 84 | 11 | التوبہ | 108 | صاف رہیے صحت مند رہیے | 1 |
| 85 | 11 | التوبہ | 111 | جنت کا سودا | 1 |
| 86 | 11 | التوبہ | 119 | جھوٹ، مزاح، مسکراہٹ (حسن اخلاق) | 2 |
| 87 | 11 | التوبہ | 121 | اچھی نیت اچھا پھل | 1 |
| 88 | 11_10 | التوبہ | مکمل | سورۃ التوبہ (لفظی ترجمہ وتفسیر) | 16 |
| 89 | 11 | یونس | 27 24 | دنیا کی حقیقت | 1 |
| 90 | 11 | یونس | 58 57 | قرآن کی کرنیں مری کے کوہساروں پر | 1 |
| 91 | 11 | یونس | 58 57 | ذہنی پریشانی سے نجات | 1 |
| 92 | 12 | یوسف | 7 4 | خواب اور اس کی حقیقت | 1 |
| 93 | 12 | یوسف | مکمل | سورۃ یوسف (لفظی ترجمہ وتفسیر) | 5 |
| 94 | 13 | الرعد | 29 19 | رشتوں کو جوڑیئے | 1 |
| 95 | 13 | الرعد | 29 19 | صبر بہت ضروری ہے | 1 |
| 96 | 13 | الرعد | 26 19 | دو طرح کے لوگ | 1 |
| 97 | 14 | النحل | 90 | عدل، احسان، صلہ رحمی | 1 |
| 98 | 14 | النحل | 128 125 | دعوت الی اللہ | 1 |
| 99 | 15 | الاسراء | 1 | رجب اور سب معراج | 1 |
| 100 | 15 | الاسراء | 12 | صفر کا مہینہ اور بدشگونی | 1 |
| 101 | 15 | الاسراء | 23 | والدین سے حسن سلوک (حسن اخلاق) | 1 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

| نمبر شمار | پارہ | سورۃ | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 102 | 15 | الاسراء | 61 64 | شیطان کے ہتھکنڈے | 2 |
| 103 | 15 | الاسراء | 82 | ہم قرآن کیوں پڑھیں؟ | 1 |
| 104 | 15 | الکھف | 10 1 | فتنہ دجال سے حفاظت کیسے؟ | 1 |
| 105 | 16 | الکھف | 110 99 | خود فریبی | 1 |
| 106 | 16 | الکھف | مکمل | سورۃ الکھف (لفظی ترجمہ وتفسیر) | 6 |
| 107 | 16 | طٰہٰ | 44 | نرم مزاجی | 1 |
| 108 | 16 | طٰہٰ | 127 115 | ارادے جن کے پختہ ہوں | 1 |
| 109 | 16 | طٰہٰ | 127 115 | ذکر الٰہی | 1 |
| 110 | 17 | طٰہٰ | 130 | محمدؐ کے معمولات اور معاملات | 1 |
| 111 | 17 | الانبیاء | 35 33 | رنج وغم اور موت کے آداب | 1 |
| 112 | 17 | الانبیاء | 35 | فتنوں کے دور میں کیا کریں؟ | 5 |
| 113 | 17 | الحج | 37 27 | حج نبیﷺ کا آنکھوں دیکھا حال | 1 |
| 114 | 17 | الحج | 37 27 | عمرہ وحج (تیاری اور طریقہ) | 2 |
| 115 | 17 | الحج | 37 27 | حج وعمرہ کیسے کریں؟ | 8 |
| 116 | 17 | الحج | 78 74 | اللہ کی قدر پہچانو | 1 |
| 117 | 17 | الحج | 78 74 | جہاد، جہاد، جہاد | 1 |
| 118 | 18 | المومنون | 11 1 | وہ کامیاب ہوگئے | 1 |
| 119 | 18 | المومنون | 11 1 | نماز میں خشوع کیسے؟ | 1 |
| 120 | 18 | المومنون | 14 12 | انسان کی تخلیق (مقصد حیات اور ذمہ داریاں) | 1 |
| 121 | 18 | المومنون | 118 101 | جب موت آئے گی | 1 |
| 122 | 18 | المومنون | 118 99 | دوسری دنیا | 1 |
| 123 | 18 | النور | 30 27 | ادب (حسن اخلاق) | 3 |
| 124 | 18 | النور | 32 30 | پردہ | 3 |
| 125 | 18 | النور | 35 | الله نور السمٰوت والارض | 1 |
| 126 | 18 | النور | مکمل | سورۃ النور (لفظی ترجمہ وتفسیر) | 10 |
| 127 | 19 | الفرقان | 29 28 | دوستی | 1 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

| نمبرشمار | پارہ | سورة | آیات | کیسٹ کا نام | والیمز |
|---|---|---|---|---|---|
| 128 | 19 | الفرقان | 77 63 | رحمٰن کے بندے | 1 |
| 129 | 19 | الشعراء | 89 88 | دل کی باتیں | 1 |
| 130 | 20 | الشعراء | 215 | نرمی (حسن اخلاق) | 2 |
| 131 | 20 | القصص | 05 | قوی مومن۔کمزور مومن | 1 |
| 132 | 21 | القصص | 55 | فضول باتیں کس لیے؟ | 1 |
| 133 | 21 | القصص | 88 76 | اتراؤمت | 1 |
| 134 | 21 | العنكبوت | 13 1 | امتحان توہوگا | 1 |
| 135 | 21 | الروم | 30 | دلہن کو نصیحتیں | 1 |
| 136 | 21 | الروم | 32 30 | درست دین | 1 |
| 137 | 21 | الروم | 39 33 | قابل قدر لوگ | 1 |
| 138 | 21 | الروم | 39 33 | جب تکلیف آتی ہے | 1 |
| 139 | 21 | الروم | 53 | دعوتیں اور تحفے | 1 |
| 140 | 21 | لقمان | 6 1 | اسلام میں گانا بجانا | 1 |
| 141 | 21 | لقمان | 14 | والدین ہماری جنت | 1 |
| 142 | 22 | لقمان | 19 12 | بچوں کی تربیت کیسے کریں؟ | 2 |
| 143 | 22 | الاحزاب | 34 28 | کیا چاہیے؟ دنیا یا آخرت؟ | 2 |
| 144 | 22 | الاحزاب | 35 | مساوات مردوزن | 1 |
| 145 | 22 | الاحزاب | 35 | اسلام میں عورت کا مقام | 1 |
| 146 | 22 | الاحزاب | 52 50 | رسولﷺ کی شادیاں | 1 |
| 147 | 22 | الاحزاب | 56 | اللهمّ صلی علی محمد | 1 |
| 148 | 22 | الاحزاب | 59 | پردہ کیوں کریں؟ | 2 |
| 149 | 22 | سبا | 13 | اسلام اور فوٹو گرافی | 1 |
| 150 | 22 | فاطر | 26 15 | انسان اللہ کا محتاج ہے | 1 |
| 151 | 22 | فاطر | 26 15 | صدقہ جاریہ اور خیرات کی اہمیت | 1 |
| 152 | 22 | فاطر | 38 29 | فائدہ مند تجارت | 1 |
| 153 | 22 | فاطر | 32 29 | تلاوت قرآن کیسے کریں؟ مسنون طریقے | 1 |

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

# اَللھُمَّ اجعَلِ القُرآنَ رَبِیعَ قَلبِی وَنُورَ صَدرِی وَجَلاءَ حُزنِی وَذَھَابَ ھَمِّی وَغَمِّی

(رواہ احمد)

اے اللہ! قرآن مجید کو میرے دل کی بہار اور میرے سینے کا نور بنادے اور میری مصیبت دور کرنے اور میرا رنج وغم دور کرنے کا ذریعہ بنادے

پبلی کیشنز
AL-HUDA PUBLICATIONS